میں آفتاب بن کرعوام الناس کی راہنمائی نہ کی ہو۔ان ہی گنے چنے نفوس قدسیہ میں حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی رحمہ اللہ کی ذات ستودہ صفات بھی ہے۔وہ اپنے خصائل حمیدہ کے لحاظ سے بلاشبہ ایک منفرد ہستی ہیں۔جو نہ صرف عارف باللہ بلکہ مجاہد فی سبیل اللہ بھی ہیں۔زیر مطالعہ کتاب میں حضرت مدنی رحمہ اللہ کی سیاسی،علمی اور دینی زندگی کے حالات وواقعات ،سیرت وسوانح ارشادات وملفوظات اورایمان افروز باتیں جمع کی گئی ہیں۔مولانا عبدالقیوم حقانی مشنری آدمی ہیں۔انہیں اپنے اسلاف سے بے پناہ محبت ہے۔یہی محبت مولانا کی مرتب کردہ اس کتاب میں جھلکتی ہے۔رنگین ٹائٹل میں خوبصورت جلد کے ساتھ کتاب شائع کی گئی ہے۔

❑ کتاب: تجزیۂ فتنہ حقوق وآزادیٔ نسواں اوراین جی او مافیا مرتب:عبدالرشید ارشد

ضخامت:۱۰۶ صفحات ناشر:النور ٹرسٹ (رجسٹرڈ) جوہر پریس بلڈنگ،جوہر آباد

اسلامی جمہوریہ پاکستان،اسلام کے نظریۂ حیات پر معرضِ وجود میں آیا تھا جسے آج کل کے اشرافیہ نے تسلیم کرنے سے انکار کردیا ہے۔نام نہاد مسلم حکمرانوں اور بے دین دانشوروں کی کوتاہیوں کی سزا پوری قوم کو اس طرح مل رہی ہے کہ سماجی خدمت کے نام پر،غیر ملکی سرمایہ پر پلنے والی،غیر اسلامی ایجنڈے کی تکمیل کے لیے ہروقت کوشاں این جی اوز،حقوق و آزادیٔ نسواں کے پرکشش نعرے اور بائبل کارسپانڈنس کورس کے نام پر کھلی گمراہی کے منصوبہ پر کام کررہی ہیں اوراعتدال پسند روشن خیال حکومت مکمل یکسوئی کے ساتھ ان کی حوصلہ افزائی کررہی ہے۔

اس کتاب میں این جی او مافیا کی انہی گمراہ کن سرگرمیوں کا علمی محاکمہ کیا گیا ہے۔پاکستان میں دین کا کام کرنے والے اداروں،جماعتوں اوراُن سے وابستہ افراد کو بیدار مغزی اور حوصلہ مندی کے ساتھ اسلام دشمن تحریکوں پر گہری نظر رکھنی چاہیے اوراُن کے خطرناک منصوبوں سے ہروقت باخبر رہنا چاہیے۔جناب عبدالرشید ارشد تسلسل سے ایسی مفید کتابیں شائع کرکے قوم کو خبردار کررہے ہیں۔ان کی یہ مساعی واقعی قابلِ ستائش ہے۔اللہ تعالیٰ ان کی صحت اورعمر میں برکت عطا فرمائے۔

❑ کتابچہ: مسلم اورغیر مسلم کی شناخت کا مسئلہ اورحدودحرمین شریفین میں قادیانیوں کے داخلے کے مضراثرات

مرتب:مولانا مجاہد الحسینی ناشر: سیرت مرکز،۶۵ بی پیپلز کالونی نمبر۱۔فیصل آباد

مولانا مجاہد الحسینی کسی تعارف کے محتاج نہیں۔موصوف عہد رفتہ میں روزنامہ ''آزاد''،''نوائے پاکستان'' اور ہفت روزہ ''خدام الدین'' کے ایڈیٹر رہ چکے ہیں۔آج کل ماہنامہ ''صوت الاسلام'' (فیصل آباد) کے مدیر اعلیٰ ہیں۔انہوں نے بڑی شرح وبسط سے دلائل کے ساتھ اس بات کی وضاحت کی ہے کہ جب ہر شخص کو چھاؤنیوں،سیکورٹی کے مراکز ،پریزیڈنٹ ہاؤس،سیکرٹریٹ،ٹیلیویژن سنٹر،ریڈیو سٹیشن اورعیسائیوں کے مرکزی مقام ویٹی کن سٹی وغیرہ میں داخل ہونے کی اجازت نہیں ہے اورخود قادیانیوں کے مرکزی مقام قادیان میں بھی کوئی مسلمان نہ تو داخل ہوسکتا تھا اور نہ کاربار وکرسکتا تھا تو